سبق : ۹

بچوں کا گیت

بھارت کے ہم راج دُلارے
بھارت کی آنکھوں کے تارے

دیس کی مایا، دیس کی دولت
آنکھ کی ٹھنڈک، دل کی راحت

ہم سے میلے ہم سے دنگل
ہم سے ہے جنگل میں منگل

اپنی بہاریں، اپنے نظارے
ہرے بھرے یہ کھیت ہمارے

ہر شۓ میں ہے رنگ محبت
ہر شۓ پر ہے اپنی حکومت

دیس کا بار اٹھائیں گے ہم
دیس کی شان بڑھائیں گے ہم

(رام کشن مضطر)

پڑھیے اور سمجھیے:

راج دُلارے	شہزادے
مایا	دولت
ڈنگی	کشتی
جنگل میں منگل	ویران مقام میں بھی چہل پہل
بھار اُٹھانا	بوجھ اٹھانا، ذمہ داری پورا کرنا

مشق

سوچیے اور جواب دیجیے:

۱۔ شاعر نے بھارت کے راج دُلارے کس کو کہا ہے اور کیو

۲۔ شاعر نے بچوں کے اور بھی چار نام دیئے ہیں، ان کو ترتیب سے

۳۔ بچّوں سے کہاں کہاں رونق ہوتی ہے، اس نظم میں تلاش کیجیے

۴۔ بچے دیس کے لیے کیا کچھ کرنے کو تیار ہیں؟

ایسے الفاظ لکھیے جن کے آخر میں ''ت'' ہو۔ جیسے محبت

دوسرا مصرع جوڑ کر شعر مکمل کیجیے۔

۱۔ ہم سے میلے، ہم سے دنگل

۲۔ ہر شے میں ہے رنگ محبت

۳۔ دیس کی مایا دیس کی دولت

دیئے گئے الفاظ سے جملے بنایئے:

۱۔ بھارت: ....

۲۔ راحت: ....

۳۔ کھیت ....

۴۔ حکومت ....

۵۔ نظارے ....

دئے گئے الفاظ کے مطابق مثال دیکھ کر خالی جگہ پر کیجیے:

مثال: دلارے ۔ تارے

دولت ....

دنگل ....

نظارے ....

بڑھائیں ....

گیت اور گانے میں استعمال ہونے والے لفظ کو خالی خانے میں لکھئے۔

طبلہ	ٹوکری	گنگنانا،	بانسری	مہنگائی
ہارمونیم	الموینم	جھنجھنا	شہنائی	گملہ

....

....

....

....

نیچے لکھے گئے ہر لفظ میں شامل حروف سے اور کتنے لفظ بن سکتے ہیں۔

مثال: بھارت سے بھات، رات

دولت = ...

کتاب = ...

جنگل = ...

نارنگی = ...

برسات = ...

☆☆☆☆